خارجہ سکریٹری نے جاپان کے نائب وزیرِ خارجہ سے سکریٹری برائے نائب وزیر مذاکرات کے لیے نئی دہلی میں کی ملاقات (جولائی 28، 2025)

جولائی 28، 2025

خارجہ سکریٹری جناب وکرم مسری نے جاپان کے نائب وزیرِ خارجہ مسٹر تاکیہیرو فناکوشی سے مورخہ 28 جولائی، 2025 کو نئی دہلی میں سکریٹری برائے نائب وزیر باہمی مذاکرات کے لیے ملاقات کی.

2. مذاکرات کے دوران، خارجہ سکریٹری اور ان کے ہم منصب نے بھارت-جاپان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو دہرایا جو بحرالہند و بحرالکاہل کے خطے اور اس سے آگے امن، خوشحالی اور استحکام کے لحاظ سے نہایت ہی اہم ہے. دونوں فریقوں نے سیاسی تعلقات، دفاع اور سلامتی، معاشی سلامتی، تجارت و سرمایہ کاری، بنیادی ڈھانچے میں تعاون، ٹیکنالوجی اور عوام سے عوام کے روابط سمیت بھارت-جاپان کے کثیرالجہتی باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا. انہوں نے عالمی اور علاقائی اہم امور پر بھی بات چیت کی.

3. یہ مذاکرات ہمارے تعلقات کے مختلف پہلوؤں میں ہوئے پیش رفت کے جائزے، باہمی تعاون کے نئے شعبوں کی تلاش اور بھارت اور جاپان کے درمیان دوستی اور تعاون کے رشتوں کو مزید گہرا کرنے میں نہایت مؤثر ثابت ہوئے ہیں.

نئی دہلی
جولائی 28، 2025